# نیک بننے کا نسخہ

جامعۃ المدینہ کے طلبہ کے لئے

پندرھویں صدی کی عظیم علمی و روحانی شخصیت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی

حضرتِ علّامہ مولانا ابو بِلال **محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ

نے اس پُرفتن دور میں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر

مشتمل شریعت و طریقت کا جامع مجموعہ

# 92 مَدَنی انعامات

بصورتِ سُوالات عطا فرمائے ہیں۔ ان کے مطابق آسانی سے عمل کرنے کا طریقۂ کار آخر میں دیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لئے مَکْتَبَۃُ الْمَدِینہ کی کسی بھی شاخ سے کتاب **"جنّت کے طلب گاروں کے لئے مَدَنی گلدستہ"** طلب فرما سکتے ہیں۔

**مرکزی مجلسِ شوریٰ** (دعوتِ اسلامی)

# مَدَنی وَضاحتیں

**مَدَنی اِنعامات کی وضاحتوں اور رعایتوں سے مُتَعَلِّق سُوالات کے جوابات کے لئے تنظیمی طور پر چار قاعدے مقرر کئے گئے ہیں۔**

**قاعدہ نمبر 1: بعض مَدَنی اِنعامات چند'' جُزئیات'' پر مشتمل ہیں۔**

**مثلاً:** تہجد، اِشراق، چاشت، اَوَّابین والا مَدَنی اِنعام، اِس **مَدَنی اِنعام** میں 4 جُز ہیں، لہٰذا ایسے مَدَنی اِنعامات پر **اکثر پر عَمَل ہونے کی صورت میں تنظیمی طور پر عَمَل مان لیا جائے گا۔**

(اکثر سے مُراد آدھے سے زیادہ مَثَلاً **100** میں سے **51** اکثر کہلائے گا)

**قاعِدہ نمبر 2: بعض مَدَنی اِنعامات ایسے ہیں جن پر کسی دن عمل نہ ہونے کی صورت میں تنظیمی طور پر دوسرے دن عمل کی ترغیب ہے۔**

**مَثَلاً:** چار صَفحات فیضانِ سُنَّت، **313** بار دُرُودِ پاک پڑھنے یا کنزُالایمان شریف سے کم از کم **3** آیات کی تِلاوت (مَع ترجمہ وتفسیر) کرنے سے محرومی رہی۔ اس صورت میں جتنے دن ناغہ ہوا، **بعد والے دنوں میں رہ جانے والے دنوں کا حِساب لگا کر اُتنی ہی مرتبہ عَمَل کرنے پر تنظیمی طور پر عَمَل مان لیا جائے گا۔**



www.dawateislami.net

**قاعِدہ نمبر3: بعض مَدَنی اِنعامات ایسے ہیں جن پر عمل کی عادت بنانے میں وَقت لگتا ہے۔**

**مَثَلًا:** قَہقَہہ، تُو تکار سے بچنے اور نِگاہیں جھکا کر چلنے کی عادت بنانے والے اِنعامات، **ایسے مَدَنی اِنعامات پر زمانۂ کوشش کے دَوران عَمَل مان لیا جائے گا۔** (کوشش پائے جانے کے لئے ضروری ہے کہ کم از کم دن میں 3 دفعہ عمل کرے)

**قاعدہ نمبر4: بعض مَدَنی اِنعامَات ایسے ہیں جن پر صحیح عُذر** (یعنی حقیقی مجبوری) **کی بِناء پر عمل کی کوئی صورت نہ ہو یا اِس دَوران دوسرے مَدَنی کام میں مشغولیَّت ہے۔**

**مَثَلًا:** ذِمّے دار وغیرہ دیگر مَدَنی کاموں میں مصروفیَّت کے باعِث کسی مَدَنی اِنعام مَثَلًا: مدرسۃ المدینہ بالِغان میں شریک نہ ہو سکے یا والِدین کی وفات یا اُن کی دوسرے شہر رہائش کی صورت میں دست بوسی اور اَن پڑھ ہونے کے باعث لکھ کر بات کرنے سے محرومی ہے **تو بھی تنظیمی طور پر ان پر عَمَل مان لیا جائے گا۔**



www.dawateislami.net

# یومیہ 67 مَدَنی اِنعامات

## پہلا دَرَجہ 16 مَدَنی اِنعامات

(1) کیا آج آپ نے کچھ نہ کچھ جائز کاموں سے پہلے **اچّھی اچّھی نِیَّتیں** کیں؟ نیز کم ازکم دو کو اِس کی ترغیب دلائی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(2) کیا آج آپ نے **پانچوں نمازیں** مسجِد کی پہلی صف میں تکبیرِ اُولیٰ کیساتھ **باجَماعَت** ادا فرمائیں؟ نیز ہر بار کسی ایک کو اپنے ساتھ مسجِد لے جانے کی کوشِش فرمائی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(3) کیا آج آپ نے اپنے **شَجَرے** کے کچھ نہ کچھ اَوراد اور کم ازکم **313** بار دُرُود شریف پڑھ لئے؟ نیز حتی الامکان دن کا اکثر حصہ باوُضو رہے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(4) کیا آج آپ نے گھر، دفتر، بس، ٹرین وغیرہ میں آتے جاتے اور گلیوں سے گزرتے ہوئے راہ میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے **مسلمانوں کو سَلام** کیا؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(5) کیا آج آپ نے اپنے **تعلیمی حلقوں** میں اوّل تا آخر شرکت کی نیز (غیر مقیم ہونے کی صورت میں) قِیام گاہ پر کم از کم ایک گھنٹہ اپنے اَسباق پڑھے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(6) کیا آج آپ نے کم از کم کسی ایک نماز کے بعد اپنے پیرو مُرشِد، ماں باپ، اساتذہ اور ساری اُمت کے لیے **دُعائے مغفرت** کی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(7) کیا آج آپ نے سلام کا جواب اور چھینکنے والے کے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** کہنے پر فوراً اتنی آواز سے جواباً **یَرْحَمُكَ اللّٰہ** کہا کہ دونوں نے سُن لیا؟ (غیر مَحرم کے سلام اور چھینک کا جواب اتنی آواز سے دیں کہ صرف آپ خود ہی سُن سکیں)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(8) کیا آج آپ نے **فَیضانِ سُنّت** سے **دو دَرس** (مسجِد، گھر، دکان، بازار وغیرہ جہاں سَہولت ہو) دیئے یا سُنے؟ (دو میں سے گھر کا ایک دَرس ضروری ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(9) کیا آج آپ نے مدرسہ/ جامعہ کے **نظامُ الاوقات** (ٹائم ٹیبل) کی پابندی فرمائی؟ (وقت پر پہنچ کر آخری پیریڈ تک پڑھائی کریں، اِدھر اُدھر کی باتوں میں وقت ضائع نہ کریں، نیز کسی پیریڈ میں استاد صاحب یا منتظمین کی اجازت کے بغیر چپکے سے گھر نہ جایا کریں)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(10) کیا آج آپ نے نمازِ پنجگانہ کے بعد نیز سوتے وَقت کم از کم ایک ایک بار **آیۃُ الکُرسی، سورۃُ الاخلاص** اور **تسبیح فاطمہ** رضی اللہ تعالٰی عنہا پڑھی؟ نیز رات میں **سورۃُ المُلک** پڑھ یا سُن لی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(11) کیا آج آپ نے بات چیت، چلت پھرت، اٹھانا رکھنا، فون پر گُفتگُو، اسکوٹر، کار چلانا وغیرہ تمام کام کاج موقوف کر کے **اذان واِقامت کا جواب** دیا؟ (اگر پہلے سے کھا پی رہے ہوں اور اذان شروع ہو جائے تو کھانا پینا جاری رکھ سکتے ہیں)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(12) آج آپ نے (گھر میں اور باہر بھی) ہر چھوٹے بڑے حتّٰی کہ والدہ (اور اگر ہیں تو اپنے بچوں اور ان کی امّی) کو بھی **تُو** کہہ کر مخاطب کیا یا آپ کہہ کر؟ ہر ایک سے دَورانِ گُفتگُو **ھیں** کہہ کر بات کی یا **جی** کہہ کر؟ (**آپ** کہنا، جی کہنا دُرست جواب ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(13) اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ کے معنی ہیں اللہ نے چاہا تو۔ اور اَحادِیث میں اس کے بولنے کی تَرغیب ہے، کیا آپ نے پکّے ارادے کے ساتھ ہر جائز بات پر نیت کرتے وقت اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ کے پاکیزہ جملے بولے کہ نہیں؟ اور کسی کی طرف سے طبیعت معلوم کرنے پر شکوہ کرنے کی بجائے **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَال** (یعنی ہر حال میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے)، اور کسی نعمت کو دیکھ کر مَاشَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ (یعنی جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مرضی) کہا؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(14) کیا آج آپ نے 12 مِنَٹ **مکتبۃُ المدینہ** کی مطبوعہ کسی **اِصلاحی کتاب** اور **فَیضانِ سُنّت** کے ترتیب وار کم از کم **چار صَفحات** (دَرس کے علاوہ) پڑھ یا سُن لئے؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(15) کیا آج آپ نے یکسوئی کے ساتھ کم از کم 12 مِنَٹ **فکرِ مدینہ** (یعنی اپنے اعمال کا مُحاسبہ) کرتے ہوئے جن جن مَدَنی اِنعامات پر عمل ہوا رِسالہ میں اُن کی خانہ پُری فرمائی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(16) کیا آج آپ نے (پلاسٹک کی نہیں) کھجوری **چٹائی** پر یا نہ ہونے کی صورت میں زمین پر **سوتے وقت سرہانے** (اور سفر میں بھی) سُنّت کے مطابق آئینہ، سرمہ، کنگھا، سوئی دھاگہ، مِسواک، تیل کی شیشی اور قینچی ساتھ رکھی؟ نیز نیند سے فراغت کے بعد بستر اور اُتارنے کے بعد لباس تہہ کر کے رکھا؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

## دوسرا دَرَجہ 25 مدنی اِنعامات

**(17)** کیا آج آپ وُضو اور غُسل وغیرہ کے دَوران پانی کے **اِسراف** سے بچے؟ نیز غیر ضروری ٹیوب لائٹیں، پنکھے وغیرہ بند (OFF) کر دیئے؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(18)** کیا آج آپ نے سُنَّت کے مطابق بیٹھ کر مع پردے میں پردہ، کھانے پینے کے دَوران **مِٹّی کے برتن** استِعمال فرمائے؟ نیز **پیٹ کا قُفلِ مدینہ** لگانے (یعنی خواہش اور بھوک سے کم کھانے) کی کوشِش فرمائی؟ (زہے نصیب! روزانہ کم از کم 12 مِنَٹ پیٹ پر **پتّھر** باندھنے کی سعادت نصیب ہو جائے)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(19)** کیا آج آپ کو جب نماز کے لئے یا یوں ہی جگایا گیا تو **فوراً اُٹھ گئے** یا دوبارہ لیٹ گئے، یا بیٹھے بیٹھے اُونگھتے رہے؟ نیز سونے کا وقت خَتم ہو جانے پر بچھونا اُس کی جگہ پر رکھا یا وہیں پڑا رہنے دیا؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(20) کیا آج آپ نے کم از کم ایک بار (بہتر یہ ہے کہ سونے سے قَبل) **صلٰوۃُ التوبہ** پڑھ کر دن بھر کے بلکہ سابقہ ہونے والے تمام گُناہوں سے **توبہ** کر لی؟ نیز خدانخواستہ گُناہ ہو جانے کی صورت میں فوراً **توبہ** کر کے آئندہ وہ گُناہ نہ کرنے کا عَہد کیا؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(21) کیا آج آپ نے نمازِ **تَہَجُّد، اِشراق و چاشت** اور **اَوّابین** ادا فرمائی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(22) کیا آج آپ نے کم از کم ایک بار **تَحِیَّۃُ الْوُضو** اور **تَحِیَّۃُ الْمَسجِد** ادا فرمائی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(23) کیا آج آپ نے **کنزُالایمان** سے کم از کم تین آیات (مع ترجمہ و تفسیر) تلاوت کرنے یا سُننے کی سَعادت حاصِل کی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(24) کیا آج آپ نے (گھر میں اور باہَر بھی) **پردے میں پردہ** کیا؟ نیز بیٹھنے میں اکثر **قبلہ رُو** رہنے کی سُنّت ادا کرنے کی سَعادت پائی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(25) کیا آج آپ نے کم ازکم دو اسلامی بھائیوں کو **انفرادی کوشِش** کے ذَرِیعے مَدَنی قافِلے ومَدَنی اِنعامات وغیرہ کی ترغیب دلائی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(26) کیا آج آپ نے دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی کاموں** (مَثَلاً اِنفرادی کوشِش دَرس وبیان، مدرسۃ المدینہ بالِغان وغیرہ) پرکم ازکم **دو گھنٹے** صَرف کیے؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(27) کیا آج آپ نے **گھر میں مَدَنی ماحول** بنانے کے لئے 19 **مَدَنی پھولوں** کے مُطابِق ممکنہ صورت میں عمل کیا؟ (مَدَنی پھول رسالے کے آخر میں ملاحظہ فرمائیے)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(28) کیا آج آپ نے کسی کے شکایت (اُستاد یا والدین وغیرہ سے) کرنے پر اس کو پیشی قرار دیتے ہوئے بدلہ لیا یا دُرست شکایت پر **شکریہ** ادا کیا، غَلَط شکایت پر **معاف فرمایا**؟ نیز کہیں آپ نے خود بھی دوسروں کی غَلَط شکایت تو نہیں کی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(29) کیا آج آپ نے اُستاد یا **مُنتَظِمین** کی کوئی بات ناگوار گزرنے پر **صَبر** کیا یا مَعَاذَ اللّٰہ دوسروں پر اس کا اِظہار کرنے کی نادانی کر بیٹھے؟ (مدرسے کے انتظامات کی کمزوریوں کا بیان بلا مصلحتِ شرعی انتظامیہ کے علاوہ کسی اور کے آگے کرنا بہت بُری بات ہے)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(30) آج آپ نے مَعَاذَ اللّٰہ سُنّی علماء پر **تنقید** تو نہیں کی؟ (جو بلا مصلحتِ شرعی کسی سُنّی عالم کی تجہیل کرے یا اُس پر نکتہ چینی کرے اور غیبتیں کرے اُس سے میں بیزار ہوں۔ پھر تنقید کرنے والا خواہ اُستاد ہو یا شاگرد۔ فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(31) کیا آج آپ نے فَجر ،ظہر،عَصر اور عشاء کی **سُنَّتِ قبلیہ** (جماعت شُروع ہونے سے قَبل) **نیز فَرضوں کے بعد والے نوافِل** ادا فرمائے؟ (نوافِل دَرس و بیان کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(32) کیا آج آپ نے مرکزی **مجلسِ شوریٰ ،کابینات، مُشَاوَرَتیں** و دیگر تمام **مجالِس** جس کے بھی آپ ماتَحت ہیں ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) **اِطاعت** فرمائی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(33) آج آپ نے اُستادِ محترم سے مَعَاذَ اللّٰہ **امتحاناً سُوال** تو نہیں کیا؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(34) آج آپ نے **دوسروں** سے **مانگ کر چیزیں** (مَثَلاً چادر،فون، گاڑی وغیرہ) اِستعمال تو نہیں کیں؟ (دوسروں سے سُوال کی عادت نکال دیجئے ضَرورت کی چیز نشانی لگا کر اپنے پاس بحفاظت رکھئے)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(35) آج آپ نے (گھر میں یا باہَر) کسی پر غصّہ آجانے کی صورت میں چُپ سادھ کر **غُصّے کا علاج** فرمایا یا بول پڑے؟ نیز **دَرگُزَر** سے کام لیا یا اِنتِقام (یعنی بدلہ لینے) کا موقَع ڈھونڈتے رہے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(36) آج آپ نے کسی سے ایسے **فُضُول سُوالات** تو نہیں کئے جن کے ذَرِیعے مُسلمان عُمُوماً **جھوٹ** کے گُناہ میں مُبتَلا ہوجاتے ہیں؟ (مَثَلاً بلاضَرورت پوچھنا آپ کو ہمارا کھانا پسند آیا؟ وغیرہ)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(37) آج کہیں آپ نے نامَحرم رِشتے داروں، نامحرم پڑوسنوں نیز بھابھی سے **مَعَاذَاللّٰہ** بےتکلف ہوکر اور ہنس ہنس کر گُفتگُو کرنے کا ممنوع کام تو نہیں کیا؟ کیا ان کے سامنے آنے سے کترائے اور ان سے **شَرعِی پردہ** کیا؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(38) کیا آج آپ (گھر میں یا باہَر) **V.C.R،T.V** یا **Internet** وغیرہ پر **فلمیں، ڈِرامے اور گانے باجے** وغیرہ دیکھنے یا سننے سے بچے؟ نیز آنکھوں کی حِفاظت کی عادَت بنانے کے لئے سونے کے اَوقات کے علاوہ کم از کم **12 مِنَٹ آنکھیں بند** رکھیں؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(39)** آج آپ نے (گھر میں اور باہَر) کسی پر **تُہمَت** تو نہیں لگائی؟ کسی کا نام تو نہیں بگاڑا؟ کسی سے **گالی گلوچ** تو نہیں کی؟ (کسی کو سور، گدھا، چور، لمبو، ٹھنگوں وغیرہ نہ کہا کریں)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(40)** آج آپ نے دوسرے کی بات اطمینان سے سننے کے بجائے اُس کی **بات کاٹ کر** کہیں اپنی بات تو شروع نہیں کر دی؟ نیز بات سمجھ جانے کے باوُجُود بے ساختہ: ہیں؟ جی؟ یا کیا؟ وغیرہ بول کر یا اَبرو یا چہرے کے اِشارے سے دوسروں کو خَواہ مخواہ اپنی بات دُہرانے کی زحمت تو نہیں دی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(41)** کسی ذِمّے دار (یا عام اسلامی بھائی) سے بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضَرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کیساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا مَعَاذَ اللّٰہ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کر کے غیبت کا گناہ کبیرہ کر بیٹھے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

## تیسرا دَرَجہ 26 مَدَنی اِنعامات

**(42)** کیا آج آپ نے دَورانِ گُفتگو کچھ نہ کچھ **دعوتِ اسلامی کی اِصطلاحات** استِعمال فرمائیں؟ نیز **تَلَفُّظ** کی دُرُستی کے لئے کوشش کی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(43)** کیا آج آپ نے **مَدرَسۃُ المدینہ** (بالِغان) میں پڑھا یا پڑھایا؟ نیز مسجدِ محلّہ کی عشاء کی جماعت کے وقت سے دو گھنٹے کے اندر اندر گھر پہنچ گئے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(44)** آج آپ نے اپنے اُستاد صاحب بلکہ کسی کی بھی پیچھے سے نقلیں تو نہیں اُتاریں؟ نیز اُستاد صاحب کی نشست گاہ پر بیٹھنے کی **بے اَدَبی** تو نہیں کی؟ (جو ظاہر و باطن میں اُستاد کا ادب نہیں کرتا وہ علم کی روح کو نہیں پا سکتا)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(45)** آپ نے مَعَاذَ اللّٰہ اپنے لباس، بستے، کِتابوں، گھر، مدرسے وغیرہ کی دیواروں پر جانداروں کی **تصاویر یا اسٹیکرز** تو نہیں لگا رکھے؟ نیز اِستنجا خانوں کے درو دیوار پر بے شرمانہ تحریریں یا تصویریں بنانے والی گندی عادت تو نہیں؟ (گندی تحریریں اور حیا سوز تصویریں دیکھنا بھی جُرم ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(46) کیا آج آپ نے اپنی کتابیں، کاپیاں وغیرہ لاپرواہی کے ساتھ اِدھر اُدھر رکھ کر یا کتابیں اور لکھے ہوئے اَوراق نیچے ہوں اور آپ نے اوپر (یعنی کرسی وغیرہ پر) بیٹھ کر **بے اَدَبی** تو نہیں کی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(47) کیا آج آپ نے **صدائے مدینہ** لگائی؟ (دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں نمازِ فجر کے لئے مسلمانوں کو جگانا صدائے مدینہ لگانا کہلاتا ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(48) کیا آج آپ **جھوٹ، غیبت، چُغلی، حَسَد، تکبُّر** اور **وعدہ خِلافی** سے بچنے میں کامیاب ہوئے؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(49) کیا آج آپ نے حتی الامکان **قَہقَہہ** لگانے (یعنی کھل کھلا کر ہنسنے) سے بچنے کی کوشش کی؟ (ضرورتاً مسکرانا سنَّت ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(50) کیا آج آپ نے اپنے گھر کے برآمدوں سے (بلا ضرورت) باہَر نیز کسی اور کے دروازوں وغیرہ سے ان کے **گھروں کے اندر جھانکنے** سے بچنے کی کوشش کی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(51) آپ نے (بلا مصلحتِ شَرعی) کسی ایک یا چند سے ذاتی دوستی گانٹھ رکھی ہے یا سب کے ساتھ **یکساں تَعَلُّقات** رکھے ہیں؟ (ذاتی دوستیاں اور گروپ تنظیمی کاموں کی تَرَقّی میں عام طور پر رکاوٹ بنتے ہیں)

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(52) کیا آج آپ نے راہ چلتے وقت اور گاڑی میں سفر کے دَوران **آنکھوں کا قُفلِ مدینہ** لگاتے ہوئے اکثر نگاہیں نیچی رکھیں؟ نیز بلا ضرورت (گھر میں اور باہَر بھی) اِدھر اُدھر دیکھنے سائن بورڈ وغیرہ پر نظر ڈالنے سے بچنے کی کوشش کی؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(53) کیا آج آپ نے تنہا یا **کیسٹ اجتماع** میں کم از کم ایک **بیان** یا **مَدَنی مذاکرے** کی آڈیو/ ویڈیو کیسٹ بیٹھ کر سنی یا دیکھی یا مَدَنی چینل پر کم از کم 1 گھنٹہ 12 مِنَٹ نشریات دیکھیں؟

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |



www.dawateislami.net

(54) آج آپ نے کسی سے بات کرتے وَقت اپنی **نگاہ نیچی** رکھی یا مخاطَب کے چہرے پر نظریں گاڑے رہے؟ (نیچی نگاہوں کی عادت بنانے کے لئے روزانہ کم ازکم 12 مِنَٹ **قُفلِ مدینہ کا عینک** استِعمال فرمایئے)

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(55) آج آپ نے **قرض** ہونے کی صورت میں (باوجودِ استطاعت) قرض خَواہ کی اِجازت کے بغیر قرض کی ادائیگی میں کہیں تاخیر تو نہیں کی؟ نیز کسی سے عارِیتاً (عارضی طور پر) لی ہوئی چیز ضَرورت پوری ہونے پر مُقرّرہ مُدَّت کے اندر واپس کردی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(56) آج آپ نے کسی مسلمان کے عُیُوب پر مُطَّلَع ہوجانے پر اس کی **پردہ پوشی** فرمائی یا (بِلا مصلحَتِ شَرعی) اُسکا عیب ظاہر کردیا؟ نیز کسی کی راز کی بات (بغیر اُسکی اجازت) دوسرے کو بتا کر **خِیانت** تو نہیں کی؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |

(57) کیا آج آپ نے نماز اور دُعا کے دَوران **خُشُوع وخُضُوع** پیدا کرنے کی کوشش فرمائی؟ نیز دُعا میں ہاتھ اٹھانے کے آداب کالحاظ رکھا؟

| میزان | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 16 |



www.dawateislami.net

(58) کیا آج آپ نے **زبان کا قُفلِ مدینہ** لگاتے ہوئے فضول گوئی سے بچنے کی عادت ڈالنے کیلئے کچھ نہ کچھ **اِشارے سے** اور کم از کم **چار بار لکھ کر** گُفتگو کی؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(59) آج آپ نے **عاجِزی** کے ایسے الفاظ جن کی تائید دل نہ کرے بول کر کہیں **نِفاق** اور **رِیاکاری** کا اِرتِکاب تو نہیں کیا؟ مَثَلاً اسطرح کہنا کہ میں حقیر ہوں، کمینہ ہوں وغیرہ جب کہ دل میں خود کو حقیر نہ سمجھتا ہو۔

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(60) کیا آج آپ نے (گھر، مدرسہ، ہاسٹل وغیرہ) کا ہر جائز کھانا، **صبر وشکر** کے ساتھ تناول فرمایا؟ (نفس کو کھانا پسند نہ آنے پر منہ بگاڑنا یا مَعَاذَاللہ کھانے کی خامیاں بیان کرنا سُنَّت نہیں۔ سرکار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کبھی بھی کھانے کو عیب نہ لگاتے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(61) آج آپ ایک اُستاد صاحب کی **کمزوریاں** دوسرے اُستاد صاحب کو بتا کر اُن کے درمیان نفرتیں اور ناچاقیاں پیدا کرنے کا سبب تو نہیں بنے؟ (میرا اُستاد تیرا اُستاد کہنے کے بجائے شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے تمام اساتذہ کا یکساں ادب کریں)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

**(62)** آج آپ نے بلا حاجتِ شرعی **توریہ** تو نہیں کیا؟ (مثلاً اُستاد نے پوچھا سبق پڑھ کر آئے ہو؟ آپ نے کہا: ''جی ہاں'' اس کے ظاہری معنی ہیں آج کا سبق پڑھ لیا مگر آپ نے کل کا سبق پڑھنا مُراد لیا آج کا نہیں یہ جھوٹ میں داخل ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(63)** کیا آج آپ نے خود کو (بلا اجازتِ شرعی) **اَمردوں کے قُرب**، اُنہیں چُھونے اور ان کو قصداً دیکھنے سے بچایا؟ (امرد یعنی خوبصورت لڑکے کی دوستی اور اس کے ساتھ تنہائی میں آخرت کی بربادی کا شدید شدید اور شدید اندیشہ ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**(64)** کیا آج آپ نے کسی طالب العلم کی درخواست پر اَسباق کے بارے میں اس کی مدد کی؟ نیز کسی مضمون میں آپ کی معلومات زیادہ ہونے کی صورت میں ہوسکتا ہے کم معلومات والا آپ کو حقیر لگے اس طرح کا وسوسہ آنے کی صورت میں آج آپ نے خود کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **کی بے نیازی** سے ڈرایا؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

(65) کیا آج آپ نے ضَروری گُفتگُو بھی **کم سے کم الفاظ** میں نمٹانے کی کوشش فرمائی؟ نیز فُضُول بات مُنہ سے نکل جانے کی صورت میں فَوراً نادِم ہوکر **دُرُود شریف** پڑھ لیا؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(66) کیا آج آپ نے (گھر میں اور باہَر) **مَذاق مَسخَری، طَنز، دِل آزاری** سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کی؟ (یادرکھئے کسی مسلمان کا دل دُکھانا کبیرہ گناہ ہے)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

(67) کیا آج آپ کا سارا دن (نوکری یا دکان وغیرہ پر نیز گھر کے اندر بھی) **عمامہ شریف** (اور تیل لگانے کی صورت میں سر بند بھی) **زُلفیں** اور (اگر بڑھتی ہو تو) **ایک مشت داڑھی** اور سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک (سَفید) **کُرتا** سامنے جیب میں نمایاں **مِسواک** اور ٹخنوں سے **اُونچے پائِنچے** رکھنے کا معمول رہا؟

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |



www.dawateislami.net

## قفلِ مدینہ کارکردگی

مَدَنی ماہ وسال......

| تاریخ | لکھ کر گفتگو | اشارے سے گفتگو | نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو | قفلِ مدینہ عینک کا استعمال |
|---|---|---|---|---|
| | کم از کم 12 مرتبہ | کم از کم 12 مرتبہ | کم از کم 12 مرتبہ | کم وبیش 12 منٹ |
| 1 | | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |
| 4 | | | | |
| 5 | | | | |
| 6 | | | | |
| 7 | | | | |
| 8 | | | | |
| 9 | | | | |
| 10 | | | | |
| 11 | | | | |
| 12 | | | | |
| 13 | | | | |
| 14 | | | | |
| 15 | | | | |



www.dawateislami.net

| تاریخ | لکھ کر گفتگو | اشارے سے گفتگو | نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو | قفلِ مدینہ عینک کا استعمال |
|---|---|---|---|---|
| | کم از کم 12 مرتبہ | کم از کم 12 مرتبہ | کم از کم 12 مرتبہ | کم و بیش 12 منٹ |
| 16 | | | | |
| 17 | | | | |
| 18 | | | | |
| 19 | | | | |
| 20 | | | | |
| 21 | | | | |
| 22 | | | | |
| 23 | | | | |
| 24 | | | | |
| 25 | | | | |
| 26 | | | | |
| 27 | | | | |
| 28 | | | | |
| 29 | | | | |
| 30 | | | | |
| مجموعی | | | | |

## ہفتہ وار 8 مَدَنی اِنعامات

(68) کیا آپ نے اس ہفتے **اِجتماع** میں آغاز ہی سے شریک ہو کر (جتنا بیٹھ سکیں اتنی دیر) دوزانو بیٹھ کر اکثر نگاہیں نیچی کئے ہر بیان ذِکر و دُعا اور کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام میں شرکت اور مسجد میں (مع حلقہ تہجُّد و نمازِ فجر، اشراق، چاشت) **ساری رات اعتکاف** فرمایا؟

(69) کیا آپ نے اِس ہفتے اجتماع کے فوراً بعد خود آگے بڑھ کر **اِنفرادی کوشِش** کرتے ہوئے نئے نئے اسلامی بھائیوں سے **ملاقات** کا شرف حاصل کر کے ان کا نام، پتا اور فون نمبر حاصل کیا؟ (کم از کم چار سے ملاقات اور کم از کم ایک کا پتا وغیرہ ضرور لیجئے پھر ان سے رابطہ بھی رکھئے)

(70) کیا آپ نے اس ہفتے کم از کم ایک اسلامی بھائی کو (جو پہلے مَدَنی ماحول میں تھے مگر اب نہیں آتے) تلاش کر کے اُن کو **مَدَنی ماحول سے وابَستہ** کرنے کی **کوشش** کی؟ (مگر جس پر تنظیمی پابندی ہو اسے نہ چھیڑیں)



www.dawateislami.net

**(71)** کیا آپ نے اس ہفتے کم از کم ایک مریض یا دُکھیارے کی گھر یا اسپتال جا کر سُنّت کے مطابق **غمخواری** کی؟ اور اسکو تحفہ (خواہ مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رِسالہ یا پمفلٹ) پیش کرنے کے ساتھ ساتھ **تعویذاتِ عطاریہ** کے استِعمال کا مشورہ دیا؟

**(72)** کیا آپ نے اِس ہفتے یومِ تعطیل کے علاوہ کم از کم ایک بار **علاقائی دَورہ برائے نیکی کی دعوت** میں شرکت فرمائی؟

**(73)** کیا آپ نے اس ہفتے علاقائی **مسجِد اجتماع** میں کم از کم ایک نئے اسلامی بھائی کو ساتھ لے جا کر اوّل تا آخر شرکت فرمائی؟

**(74)** کیا آپ نے اِس ہفتے کم از کم ایک اسلامی بھائی کو **مکتوب** روانہ فرمایا؟ (مکتوب میں مَدَنی قافلے اور مَدَنی اِنعامات کی ترغیب دلایئے)

**(75)** کیا آپ نے اس ہفتے پیر شریف (یا رہ جانے کی صورت میں کسی بھی دن) کا **روزہ** رکھا؟ نیز اس ہفتے کم از کم ایک دن کھانے میں **جَو شریف کی روٹی** تناول فرمائی؟



www.dawateislami.net

## ماھانہ 7 مَدَنی اِنعامات

| | |
|---|---|
| **(76)** کیا آپ نے اس ماہ سابقہ مَدَنی ماہ کا **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ پُر کر کے اپنے ذِمّہ دار کو جمع کروایا؟ | |
| **(77)** اس ماہ کی پہلی پیر شریف کو رسالہ ''خاموش شہزادہ'' کا مطالعہ فرما کر فضول گوئی سے بچنے کی عادت بنانے کے لئے **25** گھنٹے کا **قفلِ مدینہ** لگایا؟ نیز کیا آپ نے اس ماہ جدوَل کے مُطابِق کم از کم تین دن کے **مَدَنی قافِلے میں سفر** فرمایا؟ | |
| **(78)** آپ نے اس ماہ (مدرسے کی طرف سے مقرّر کردہ چھٹیوں کے علاوہ) بلاضرورت وبغیر مجبوری کے **چُھٹّی** تو نہیں کی؟ | |
| **(79)** کیا اِس ماہ آپ کی **اِنفرادی کوشِش** سے کم از کم ایک اسلامی بھائی نے مَدَنی قافلے میں سفر کیا؟ اور کم از کم ایک نے مَدَنی اِنعامات کا رِسالہ جمع کروایا؟ | |



www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| **(80)** کیا آپ نے اس ماہ کسی سُنّی عالِم (یا امام مسجد، مؤذِّن، خادم) کو **112** روپے یا کم از کم **12** روپے **تُحفۃً پیش** کیے؟ (نابالغ اپنی ذاتی رقم نہیں دے سکتا) | |
| **(81)** کیا آپ نے **بالغ، نابالغ و نابالغہ** کے **جنازے کی دُعائیں، چھ کلمے، ایمان مُفصَّل، ایمان مُجمل، تکبیرِ تشریق** اور **تلبیہ** (یعنی لَبَّیک) یہ سب ترجمے کے ساتھ زبانی یاد کر لئے ہیں؟ نیز اس ماہ کی پہلی پیر شریف کو (یارہ جانے کی صورت میں کسی اور دن) یہ سب پڑھ لئے؟ | |
| **(82)** کیا آپ نے **اذان** اور اسکے بعد کی **دُعا** قرآن شریف کی آخری **دس سورَتیں، دُعائے قُنوت، التَّحیَّات، دُرُودِ ابراھیم** اور کوئی ایک دُعائے ماثورہ یہ سب مخارج سے حروف کی دُرُست ادائیگی کے ساتھ زبانی یاد کر لئے ہیں؟ نیز اس ماہ کی پہلی پیر شریف کو (یارہ جانے کی صورت میں کسی اور دن) یہ سب پڑھ لئے ہیں؟ | |



www.dawateislami.net

## سالانہ 10 مَدَنی اِنعامات

| | |
|---|---|
| (83) کیا آپ نے اس سال کم از کم ایک مرتبہ (**امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتھم العالیہ کے) تمام **مَدَنی رسائل** (جو آپ کو معلوم ہیں) پڑھ یا سُن لئے ہیں؟ | |
| (84) کیا آپ نے اس سال کم از کم ایک مرتبہ مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ تمام **مَدَنی پھول** کے پمفلٹ (جو آپکو معلوم ہیں) پڑھ یا سُن لئے ہیں؟ | |
| (85) کیا آپ نے اس سال جدوَل کے مطابق یکمشت **30 دن کے مَدَنی قافِلے** میں سفر فرمایا؟ (اگر یکمشت **بارہ ماہ کے مَدَنی قافلے** میں سفر نہیں کیا تو زندگی میں کم از کم ایک بار سفر کی نیت فرمالیجئے) | |
| (86) کیا آپ نے اس سال کم از کم ایک بار امام غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی کی کتاب **اَیُّھَا الْوَلَد** پڑھ یا سُن لی ہے؟ | |
| (87) کیا آپ نے اس سال کم از کم ایک بار **امام غزالی** علیہ رحمۃُ اللہ الوالی کی آخری تصنیف **مِنھَاجُ العَابِدِین** سے توبہ، اِخلاص، تقویٰ، خوف ورَجا، عُجب ورِیا، آنکھ، کان، زَبان، دِل اور پیٹ کی حفاظت کا بیان پڑھ یا سُن لیا؟ | |



www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| (88) کیا آپ نے اس سال کم از کم ایک مرتبہ **بَہارِ شریعت** حصہ 9 سے مُرتَد کا بیان، حصہ 16 سے خرید و فروخت کا بیان، والِدین کے حُقُوق کا بیان، (اگر شادی شدہ ہیں تو) حصہ 7 سے مُحَرَّمات کا بیان اور حُقُوق الزّوجَین، حصہ 8 سے بچوں کی پرورش کا بیان، طلاق کا بیان، ظِہار کا بیان اور طلاق کِنایہ کا بیان پڑھ یا سُن لیا؟ | |
| (89) کیا آپ نے مخارِج سے حُروف کی دُرُست ادائیگی کے ساتھ کم از کم ایک بار **قرآنِ پاک** ناظرہ ختم کرلیا ہے؟ اور اسے اس سال دُہرالیا؟ | |
| (90) کیا آپ نے **اعلیٰ حضرت** علیہ رحمۃ ربِّ العزت کی کُتُب **تَمہِیدُ الاِیمان وحسامُ الحَرَمَین** پڑھ یا سُن لی ہیں؟ نیز کیا آپ نے کسی کو اپنا آئیڈیل بنایا ہے؟ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے آئیڈیل اعلیٰ حضرت رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ ہیں) | |
| (91) کیا آپ نے **بَہارِ شَریعَت یا نماز کے اَحکام** سے پڑھ یا سُن کر اپنے **وُضُو**، **غُسل** اور **نماز دُرُست** کر کے کسی سُنّی عالِم یا ذمے دار مبلّغ کو سنا دیئے ہیں؟ | |
| (92) کیا آپ نے اس سال مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتابیں **کفریہ کلمات کے بارے میں سُوال جواب** اور **چندے کے بارے میں سُوال جواب** پڑھ یا سُن لی ہیں؟ | |



www.dawateislami.net

## رِضائے ربُ الانام کے کام

**عطّار کا دوست:** امیرِ اہلسنّت (دَامَت بَرَکاتھم العالیہ) فرماتے ہیں: جو ذیل میں دیئے گئے **12 مَدَنی اِنعامات** کی پابندی کرے وہ میرا **دوست** ہے۔

**مدینہ 1:** (دیگر فرائض و واجبات پر عمل کے ساتھ ساتھ) روزانہ پانچوں نمازیں مسجد کی پہلی صف میں **تکبیرِ اُولیٰ** کے ساتھ **باجماعت** ادا کرے نیز ہر بار کم از کم ایک کو اپنے ساتھ مسجد میں لے جانے کی کوشش کرے۔

**مدینہ 2:** روزانہ فیضانِ سنّت سے کم از کم **2 دَرس** (مسجد، گھر، دکان وغیرہ جہاں سہولت ہو) دے یا سنے۔ (دو میں سے گھر کا ایک دَرس ضَروری ہے)

**مدینہ 3:** روزانہ **مدرسۃُ المدینہ** (بالغان) میں پڑھنے پڑھانے کے ساتھ مسجد محلّہ کی عشاء کی جماعت کے وقت سے **دو گھنٹے کے اندر** گھر پہنچ جائے۔

**مدینہ 4:** روزانہ کم از کم دو اسلامی بھائیوں کو **اِنفرادی کوشش** کے ذریعے مَدَنی قافِلہ و مَدَنی اِنعامات اور دیگر مَدَنی کاموں کی ترغیب دلائے۔

**مدینہ 5:** دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں (مثلاً اِنفرادی کوشش، دَرس و بیان، مَدَنی مشورہ وغیرہ) میں روزانہ کم از کم **دو گھنٹے** صَرف کرے۔

**مدینہ 6:** روزانہ **صدائے مدینہ** کی ترکیب کرے۔

**مدینہ 7:** **ہفتہ وار اِجتماع** میں اوّل تا آخر شرکت مع رات اعتکاف و فجر و اِشراق و چاشت۔



www.dawateislami.net

**مدینہ 8**: ہفتے میں کم از کم ایک دن **علاقائی دورہ** برائے نیکی کی دعوت میں اوّل تا آخر شرکت کرے۔ (تجارتی مراکز میں بروز بدھ ظہر سے قبل اور رہائشی علاقوں میں یومِ تعطیل عصر تا مغرب)

**مدینہ 9**: ہفتے میں کم از کم ایک اسلامی بھائی کو (جو پہلے مَدَنی ماحول میں تھے مگر اب نہیں آتے) تلاش کر کے ان کو مَدَنی ماحول سے **وابستہ کرنے کی کوشش کرے** (یہاں وہ مراد نہیں جن پر تنظیمی پابندی لگی ہو)

**مدینہ 10**: روزانہ کم از کم ایک بیان یا **مَدَنی مذاکرے** کی کیسٹ سُنے یا **مَدَنی چینل** پَر کم از کم 1 گھنٹہ 12 منٹ نشریات دیکھے۔ (امیرِ اہلسنّت دَامَت بَرَکاتہم العالیہ اس سے بے انتہا خوش ہوتے ہیں)

**مدینہ 11**: روزانہ **فکرِ مدینہ** کے دَوران مَدَنی اِنعامات کا **رِسالہ پُر کرکے** ہر مَدَنی ماہ کی پہلی جمعرات کو مَدَنی اِنعامات کے مکتب میں جمع کروادے۔

**مدینہ 12**: ہر ماہ کم از کم 3 تین دن جدول کے مطابق **مَدَنی قافلے** میں سفر کرے۔ **زندگی میں یکمشت 12 ماہ اور ہر 12 ماہ میں 30 دن مَدَنی قافلے میں سفر کی نیت ہو**۔ (دعوتِ اسلامی کی جامعات کے طلبہ مجلس کے دیئے ہوئے جدول کے مطابق سفر کریں)



www.dawateislami.net

**عطّار کا پیارا:** **امیرِ اہلسنّت** (دَامَت بَرَکاتھم العالیہ) فرماتے ہیں: جو مذکورہ **مَدَنی اِنعامات** پر عمل کے ساتھ **72** میں سے کم از کم **63** اور جامعۃ المدینہ اور مدرسۃ المدینہ کا طالبِ علم **92** میں سے کم از کم **82** مَدَنی اِنعامات کا عامل ہو وہ میرا **پیارا** ہے۔

**عطّار کا منظورِ نظر** : امیرِ اہلسنّت (دَامَت بَرَکاتھم العالیہ) کا ارشاد ہے، جو مندرجہ بالا معمولات بجالا کر **دوست** اور **پیارا** بننے کے ساتھ ساتھ ذیل میں دیئے ہوئے **5** مَدَنی کام پابندی سے کرے وہ میرا "**منظورِ نظر**" ہے۔

**مدینہ 1:** روزانہ کم از کم **12** بار لکھ کر گفتگو۔

**مدینہ 2:** روزانہ کم از کم **12** بار اِشارے سے گفتگو۔

**مدینہ 3:** روزانہ کم از کم **12** منٹ قفلِ مدینہ کے عینک کا استعمال۔

**مدینہ 4:** (ضروری گفتگو کی نوبت آتی ہو تو) روزانہ کم از کم **12** بار سامنے والے کے چہرے پر نظریں گاڑے بغیر گفتگو۔

**مدینہ 5:** ہفتے میں کم از کم ایک رِسالہ پڑھے۔ (جو روزانہ کم از کم ایک رِسالہ پڑھنے کا معمول بنائے اس سے امیر اہلسنّت دَامَت بَرَکاتھم العالیہ بہت خوش ہوتے ہیں)

**محبوبِ عطّار** : **امیرِ اہلسنّت** (دَامَت بَرَکاتھم العالیہ) کا فرمانِ شفقت نشان ہے کہ جو مندرجۂ بالا تمام معمولات کے ساتھ ساتھ مکمل **72** اور مذکورہ



www.dawateislami.net

طالبِ علم مکمل 92 مَدَنی اِنعامات کا عامل ہو وہ میرا ''**محبوب**'' ہے۔

**جذباتِ عطّار**: آہ! آہ! آہ! دل خوفزدہ ہے میں نہیں جانتا کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی میرے بارے میں خفیہ تدبیر کیا ہے! البتہ میرے دل کے جذبات یہ ہیں کہ سرکارِ مدینہ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہٖ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے میں مجھ پر اگر خاص کرم ہو گیا تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے ہر **دوست، پیارے منظورِ نظر اور محبوب** کو جنت الفردوس میں ساتھ لیتا جاؤں گا۔

**عطّار کس سے بیزار**: جو اسلامی بھائی دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ، انتظامی کابینات ومجالِس وغیرہ کی بلا اجازتِ شرعی لوگوں کے سامنے مخالفت کرے وہ نہ میرا **دوست، نہ پیارا، نہ منظورِ نظر اور نہ محبوب** بلکہ **قلبِ عطّار اُس سے بیزار ھے۔**

**دُعائے عطّار**: یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جو روزانہ یہ مذکورہ مَدَنی کام کرلیا کرے اس عطّار کے **دوست** اور **پیارے** نیز عطّار کے **منظورِ نظر ومحبوب** کو مع عطّار جنّت الفردوس میں اپنے مَدَنی محبوب صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہٖ واٰلہٖ وسلَّم کا پڑوسی بنالے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہٖ واٰلہٖ وسلَّم۔

**مرکزی مجلسِ شوریٰ**



www.dawateislami.net

## ''یاربِّ کریم! ہمیں مُتَّقی بنا'' کے اُنّیس حُرُوف کی نسبت سے گھر میں ''مَدَنی ماحول'' بنانے کے 19 مَدَنی پھول

(1) گھر میں آتے جاتے بلند آواز سے سلام کیجئے۔(2) والِدہ یا والِد صاحِب کو آتے دیکھ کر تعظیماً کھڑے ہو جایئے۔(3) دن میں کم از کم ایک بار اسلامی بھائی والِد صاحِب کے اور اسلامی بہنیں ماں کے ہاتھ اور پاؤں چوما کریں۔(4) والِدَین کے سامنے آواز دھیمی رکھئے، ان سے آنکھیں ہرگز نہ ملایئے، نیچی نگاہیں رکھ کر ہی بات چیت کیجئے۔(5) ان کا سونپا ہوا ہر وہ کام جو خِلافِ شَرع نہ ہو فوراً کر ڈالئے۔(6) سنجیدگی اپنایئے۔ گھر میں تُو تُکار، اَبے تَبے اور مذاق مسخری کرنے، بات بات پر غصّے ہو جانے، کھانے میں عیب نکالنے، چھوٹے بھائی بہنوں کو جھاڑنے، مارنے، گھر کے بڑوں سے اُلجھنے، بحثیں کرتے رہنے کی اگر آپ کی عادتیں ہوں تو اپنا رَوِیّہ یکسر تبدیل کر دیجئے، ہر ایک سے مُعافی تلافی کر لیجئے۔(7) گھر میں اور باہر ہر جگہ آپ سنجیدہ ہو جائیں گے تو اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ گھر کے اندر بھی ضرور اِس کی بَرَکتیں ظاہِر ہوں گی۔(8) ماں بلکہ بچّوں کی امی ہو تو اُسے نیز گھر (اور باہَر) کے ایک دن کے بچّے کو بھی ''آپ'' کہہ کر ہی مخاطِب ہوں۔(9) اپنے مَحَلّے کی مسجِد میں عشاء کی جماعت کے وَقت سے لے کر دو گھنٹے کے اندر اندر سو جایئے۔ کاش! تہجُّد میں آنکھ کُھل جائے ورنہ کم از کم نَمازِ فجر تو بآسانی (مسجِد کی پہلی صَف میں باجماعت) مُیَسَّر آئے اور پھر کام کاج میں بھی سستی نہ ہو۔(10) گھر کے افراد میں اگر نَمازوں کی سُستی، بے پردَگی، فلموں ڈِراموں اور گانے باجوں کا سلسلہ ہو اور آپ اگر سر پرست نہیں ہیں، نیز ظَنِّ غالب ہے کہ آپ کی نہیں سُنی جائے گی تو بار بار ٹوکا ٹوک کے بجائے، سب کو نَرمی کے



www.dawateislami.net

ساتھ مکتبۃ المدینہ سے جاری شُدہ سنّتوں بھرے بیانات کی آڈیو/ وِڈیو کیسٹیں سنائیے۔مَدَنی چینل دکھائیے۔اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل ''مَدَنی نتائج'' برآمد ہوں گے۔ **(11)** گھر میں کتنی ہی ڈانٹ بلکہ مار بھی پڑے،صَبر صَبر اور صَبر کیجئے۔اگر آپ زَبان چلائیں گے تو ''مَدَنی ماحول'' بننے کی کوئی اُمّید نہیں بلکہ مزید بِگاڑ پیدا ہوسکتا ہے کہ بے جا سختی کرنے سے بسا اوقات شیطان لوگوں کو ضِدّی بنا دیتا ہے۔ **(12)** مَدَنی ماحول بنانے کا ایک بہترین ذَرِیعہ یہ بھی ہے کہ گھر میں روزانہ **فیضانِ سنّت** کا دَرس ضَرور ضَرور دیجئے یا سنئے۔ **(13)** اپنے گھر والوں کی دنیا و آخِرت کی بہتری کے لئے دِل سوزی کے ساتھ دعا بھی کرتے رہئے کہ فرمانِ مصطَفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: ''اَلدُّعاءُ سِلاحُ الْمُؤْمِنِ یعنی دُعاء مومِن کا ہتھیار ہے۔'' (المستدرك للحاكم ج٢ص١٦٢حديث١٨٥٥) **(14)** سُسرال میں رہنے والیاں جہاں گھر کا ذِکر ہے وہاں سُسرال اور جہاں والِدَین کا ذِکر ہے وہاں ساس اور سُسَر کے ساتھ وُہی حُسنِ سُلوک بجالائیں جبکہ کوئی مانِعِ شَرعی نہ ہو۔ **(15)** مسائلُ القُراٰن صَفحہ 290 پر ہے: ہر نَماز کے بعد یہ دُعا اوّل و آخِر دُرود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیجئے،اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل بال بچے سنّتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں **مَدَنی ماحول** قائم ہوگا۔(دُعا یہ ہے:) (اَللّٰھُمَّ) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا۝[1] (''اَللّٰھُمَّ'' آیتِ قراٰنی کا حصّہ نہیں)

مدینہ

[1] ترجَمۂ کنزالایمان: اے ہمارے ربّ ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ (پ١٩،الفرقان٧٤)



www.dawateislami.net

**(16)** نافرمان بچّہ یا بڑا جب سویا ہو تو 11 سے 21 دن تک اُس کے سِر ہانے کھڑے ہو کر یہ آیاتِ مبارکہ صرف ایک بار اتنی آواز سے پڑھیے کہ اُس کی آنکھ نہ کھلے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ بَلۡ ہُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ ﴿ۙ۲۱﴾ فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ﴿٪۲۲﴾ [1] (اوّل، آخر، ایک مرتبہ دُرُود شریف) **یاد رہے!** بڑا نافرمان ہو تو سوتے سرہانے وظیفہ پڑھنے میں اس کے جاگنے کا اندیشہ ہے خصوصاً جب کہ اس کی نیند گہری نہ ہو، یہ پتا چلنا مشکل ہے کہ صرف آنکھیں بند ہیں یا سو رہا ہے لہٰذا جہاں فتنے کا خوف ہو وہاں یہ عمل نہ کیا جائے خاص کر بیوی اپنے شوہر پر یہ عمل نہ کرے۔ **(17)** نیز نافرمان اولاد کو فرماں بردار بنانے کے لیے تاحُصُولِ مُراد نَمازِ فَجر کے بعد آسمان کی طرف رُخ کر کے "**یَاشَہِیۡدُ**" 21 بار پڑھیے۔ (اوّل وآخر، ایک بار دُرُود شریف) **(18)** **مَدَنی اِنعامات** کے مطابق عمل کی عادت بنائیے، اور گھر کے جن افراد کے اندر نَرم گوشہ پائیں اُن میں اور آپ اگر باپ ہیں تو اَولاد میں نرمی اور حکمتِ عملی کے ساتھ **مَدَنی اِنعامات** کا نِفاذ کیجئے، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت سے گھر میں مَدَنی اِنقِلاب برپا ہو جائیگا۔ **(19)** پابندی سے ہر ماہ کم از کم تین دن کے **مَدَنی قافِلے** میں عاشِقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سفر کر کے گھر والوں کے لئے بھی دُعا کیجئے۔ مَدَنی قافِلے میں سفر کی بَرَکت سے بھی گھروں میں **مَدَنی ماحول** بننے کی "مَدَنی بہاریں" سننے کو ملتی ہیں۔

مــدینـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

[1] ترجَمۂ کنز الایمان: بلکہ وہ کمال شَرَف والاقراٰن ہے لوحِ محفوظ میں۔ (پ۳۰، البروج: ۲۱،۲۲)



www.dawateislami.net

## کارکردگی برائے رِضائے رَبِّ الانام عَزَّوَجَلَّ کے کام

(۱) اس ماہ کے اکثر دنوں میں **مذکورہ مَدَنی اِنعامات** پر عمل کی کوشش رہی؟ ☐

(۲) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ **لکھ کر** گفتگو فرمائی؟ ☐

(۳) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ **اِشارے سے** گفتگو فرمائی؟ ☐

(٤) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 مرتبہ چہرے پر **نگاھیں گاڑے بغیر** گفتگو کی کوشش فرمائی۔ ☐

(۵) اس ماہ کے اکثر دنوں میں کم از کم 12 منٹ **قفلِ مدینہ کا عینک** استعمال فرمایا؟ ☐

(٦) اس ماہ آپ نے **امیرِ اہلسنّت** دَامَت بَرَکاتُھم العالیہ کے کتنے رسائل کا مطالعہ فرمایا؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ ☐ | تیسرا ہفتہ ☐ | | کل تعداد | ☐ |
| دوسرا ہفتہ ☐ | چوتھا ہفتہ ☐ | | | |

(۷) اس ماہ 92 مَدَنی اِنعامات میں سے کتنے پر عمل کی کوشش رہی؟ ☐

(۸) اس ماہ کتنے دن فکرِ مدینہ کی سعادت حاصل کی؟ ☐

(۹) اس ماہ کتنے دن مَدَنی قافلے میں سفر کی سعادت حاصل کی؟ ☐

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اس ماہ **عطّار کا دوست** ☐ **عطّار کا پیارا** ☐ **عطّار کا منظورِ نظر** ☐ **محبوبِ عطّار** ☐ بننے کی سعادت حاصل ہوئی۔ **اِنْ شَآءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ آیندہ ماہ کم از کم ☐ مَدَنی اِنعامات پر عمل کی کوشش کروں گا۔

# عمل کرنے کا آسان طریقہ

رسالے میں ہر مَدَنی انعام کے نیچے 30 دنوں کے خانے دیئے گئے ہیں۔ روزانہ وقتِ مقررہ پر فکرِ مدینہ (یعنی محاسبے کے دوران خانے پُر کرنے کا سلسلہ) کیجئے جن مَدَنی انعامات پر عمل کی سعادت ملی، نیچے خانے میں (✓) کا نشان ورنہ (o) بنا دیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بتدریج عمل میں اضافے کے ساتھ ساتھ دل میں گناہوں سے نفرت پائیں گے۔

حدیثِ پاک میں ہے: (آخرت کے معاملے میں) گھڑی بھر غور و فکر کرنا 60 سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (الجامع الصغیر للسیوطی، الحدیث 5897 ص 365 دار الکتب العلمیۃ بیروت)

**دعائے عطّار:** یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! جو ہر ماہ تیری رضا کے لئے مَدَنی انعامات پر عمل کر کے روزانہ اس رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کر کے اپنے ذیلی مشاورت کے نگران کو جمع کروائے تو اسکے عمل میں استقامت عطا فرما کر اُس کو اپنا مقبول بندہ بنا لے۔

مَدَنی ماہ .................... سنہ ۱۴ھ

نام مع ولدیت .................................... عمر تقریباً ..............

مکمل پتا ..................................................................

ذیلی حلقہ .................. حلقہ .................. علاقہ / شہر ..................

آپ نے فکرِ مدینہ (یعنی محاسبے کے دوران خانہ پُری کرنے) کے لئے کون سا وقت مقرر فرمایا ہے؟ ..................

ISBN 978-969-579-914-7
0109048

DAWAT-E-ISLAMI

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net